Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Full Book Short Questions Preparation

Q1. طلب کی نقطی لچک کی تعریف کریں.

Ans 1: اگر قیمت میں انتہائی معمولی تبدیلی ہو اس کی وجہ سے طلب میں بھی انتہائی معمولی تبدیلی واقع ہوتو طلب کی اس قسم کو نقطی لچک کہتےہیں

Q2. معاشی قوانین مشروط ہوتے ہیں.

Ans 1: معاشی قوانین اپنی نوعیت کے لحاظ سے مشروط ہوتے ہیں. یعنی اس کے ہر قانون کے ساتھ کچھ شرائط ہوتی ہیں. ان شرائط کی موجودگی میں تو قانون درست ثابت ہوتا ہے وگر نہ نہیں. قانوں طلب ہی کو لیجیے اس قانون کے مطابق جب کسی شے کی قیمت بڑھتی ہے تو اس کی طلب کم ہوجاتی ہے اور قیمت کیم ہونے پر طلب بڑھ جاتی ہے بشرطیکہ دیگر حالات بدستور رہیں. یہاں دیگر حالات سے مراد قانون طلب کے مفروضات ہیں.

Q3. رسد میں تبدیلی کی پانچ وجوہات بیان کریں.

Ans 1: شے کی قیمت میں تبدیلی

Ans 2: مصارف پیدائش میں تبدیلی

Ans 3: طریقہ پیدائش میں تبدیلی

Ans 4: ملکی حالات میں تبدیلی

Ans 5: موسمی حالات میں تبدیلی

Q4. معاشیات کی اقسام بتائیں.

Ans 1: بیانی معاشیات

Ans 2: نظریاتی معاشیات

Ans 3: اطلاتی معاشیات

Q5. محنت کی استعداد کار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس سے مراد مزدوروں کی قوت پیداوار یاقوت کارکردگی ہے . اگر سرمائے کی مدد سے پیداوار میں اضافہ بہت زیادہ ہو تو اس کی استعدادکار زیادہ ہوگی اور کم پیداوار کی صورت میں استعداد کار کم ہوگی.

Q6. قانون رسد کئے چار مفرضآت بیان کریں

Ans 1: مصارف پیدائش تبدیل نہ ہوں

Ans 2: طریقہ پیدائش نہ بدلے

Ans 3: ملک کے قدرتی وسائل میں کمی بیشی نہ ہو.

Ans 4: پیداوار بڑھانے پر حکومت کی پابندی نہ ہو.

Q7. محدود قانونی زر کی وضاحت کریں.

Ans 1: اس میں ایک خاص حد تک کہ ادائیگی جاتی ہو محدود پاکستان میں ایک پیسہ سے لے کر بچیس پیسہ تک کے سکے محدود قانونی زر ہیں. آن سکوں میں صرف بیس روپے تک ادائیگی کی جاسکتی ہے. بیس روپے سے زیادہ رقم ان سکوں میں قبول نہیں کیا جاسکتا.

Q8. پروفیسر ڈربن کے الفاظ میں معاشیات کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: "علم معاشیات عقلی مذہب کا درجہ رکھتا ہے."

Q9. نارمل یا معمولی منافع سے کیا مراد ہے.

Ans 1: نارمل منافع سے مراد اتنا منافع ہوتا ہے جو کسی فرم کو صنعت میں ٹھہرے رہنے پر رغبت دلانے کے لیے کافی ہو.

Q10. پیدائش دولت سے کیا مراد ہے

Ans 1: یہ ایسی اشیاء خدمات کی پیدائش ہے جن میں درج زیل تین خصوصیات پائی جاتی ہیں.

Ans 2: افادہ

Ans 3: کمیابی

Ans 4: انتقال پذیری

Q11. قانون طلب کی تعریف کریں.

Ans 1: دیگر امور بدستور رہتے ہوئے جب کسی شے کی قمیت کم ہوتی ہے تو اس کی طلب بڑھ جاتی ہے اور قیمت بڑھنے پر اس کی طلب کم ہوجاتی ہے.

Q12. رسد کی لچک کے چار عوامل بیان کریں.

Ans 1: شے کی نوعیت

Ans 2: مصارف پیدائش

Ans 3: فنی حالات

Ans 4: صنعت کی پیداواری صلاحیت

Q13. مختتم پیداواری مالیت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کسی پیداواری شعبے میں ایک عامل کی لگائی گئی اخری اکائی کی پیداوار منڈی میں فروخت کرکے حاصل ہونے والی رقم کو مختتم پیداواری مالیت کہتے ہیں.

Q14. نظریاتی معاشیات کیا ہے.

Ans 1: نظریاتی معاشیات میں معاشی واقعات یا مسائل کا غیر جانبداری سے مطالعہ کیا جاتا ہے اور تجربہ کیا جاتا ہے اور اس تجربہ کا مقصد ہوتاہے کہ کسی معاشی مسئلہ یا معشیت کے عمل کو مکمل طور پر سمجھا جائے تاکہ محدود زرائع کا بہترین استعمال کیا جاسکے اور فلاح و بہبود کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جاسکے.

Q15. قومی آمدنی کے مطالعہ کی اہمیت کے چار نکات تحریر کریں.

Ans 1: معاشی حالات کا تجزیہ کرنے میں مدد ملتی ہے

Ans 2: معاشی ترقی کی رفتار کا انداز لگایا جاسکتا ہے

Ans 3: معاشی مسائل کا تجزیہ کرنے میں مدد ملتی ہے

Ans 4: معاشیاں پالیسیاں وضع کرنے میں مدد ملتی ہیں

Q16. سرمایہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: سرمایہ سے مراد آمدنی یا دولت کا وہ حصہ ہے جو مزید دولت پیدا کرنے یا آمدنی بڑھانے کے لیے استعمال ہوتی ہے . مثلا مشینیں ،آلات و اوزار ، خام مال، کارخانے، سڑکیں، ریلیں، ڈیم ، بجلی گھر.

Q17. مکمل مقابلہ لے تحت عرصہ قلیل میں ملزم کے توازن کی مختلف ممکن صورتیں بیان کریں.

Ans 1: غیر معمولی منافع کمانے والی فرم

Ans 2: معمولی نقصان اٹھانے والی فرم

Ans 3: غیر معمولی نقصان اٹھانے والی فرم

Q18. معینہ مصارف کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: آس سے مراد ایک فرم کو ہر حال میں برداشت کرنا پڑتا ہے ان مصارف کو ضمنی مصارف بھی کہتے ہیں. آن مصارف کا پیدوار کی مقدار سے کوئی تعلق نہیں ہوتا. یہ پیداوار کی ہر مقدار پر یکساں رہتے ہیں. مثلا عمارت کا کرایہ سرمائے کا سو مستقبل عملے کی تنخواہ .

Q19. غیر بدل پذیری زر کاغذی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ ایسے نوٹ ہیں جن کو حکومت یا جاری کردہ بنک کی جانب سے معیاری سکوں یا سونے یا چاندی یا زر مبادلہ میں تبدیل کرنے کی زمہ داری نہیں لی جاتی. البتہ

ان نوٹوں کو قانونی زر کی حیثیت حاصل ہوتی ہے اس لیے تمام لوگ انہیں قبول کرنے کے پابند ہوتے ہیں.

Q20. قانون تقلیل افادہ مختتم کی چار حدود تحریر کریں.

Ans 1: علم۔

Ans 2: مال و دولت

Ans 3: تاریخی نو درات

Ans 4: نمود و نمائش کی اشیاء